08-11-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ پارلیمنٹ کا سرمایہ سیشن یکم دسمبر سے شروع ہوگا جو 19 دسمبر تک جاری رہے گا۔

۲۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے تلنگانہ کی تاریخ میں سب سے بڑے 60,799 کروڑ روپے کے میگا منصوبہ کی منظوری دی ہے۔

۳۔ مرکزی وزیر کوئلہ و کانکنی کشن ریڈی نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی پر سخت تنقید کرتے ہوئے الزام لگایا کہ وہ بی جے پی، وزیراعظم اور پارٹی پر جھوٹے الزامات لگا کر عوامی مخالفت سے توجہ ہٹانے کی کوشش کررہے ہیں۔

اور

۴۔ مرکزی وزیر برائے ہاؤسنگ و شہری امور منوہر لال نے آج کہا کہ شہری ترقی ہی وِکست بھارت کی راہ ہے۔

HOLIDAY

ڈسٹرکٹ کلکٹر ہری چندنا داسری نے جوبلی ہلز اسمبلی حلقہ کے ضمنی انتخاب کے سلسلہ میں دفاتر اور اداروں کیلئے بااجرت تعطیل کے احکامات جاری کئے ہیں۔ جاری کردہ حکم نامہ کے مطابق، جن دفاتر اور اداروں میں پولنگ اسٹیشنس اور ووٹوں کی گنتی کے مراکز قائم کئے گئے ہیں، وہاں پولنگ سے ایک دن قبل، پولنگ کے دن، اور ووٹوں کی گنتی کے دن تنخواہ کے ساتھ تعطیل رہے گی۔ کلکٹر نے بتایا کہ یہ تعطیل ان تمام سرکاری دفاتر اور اسکولوں پر بھی لاگو ہوگی جنہیں جوبلی ہلز اسمبلی حلقہ کے حدود میں پولنگ اسٹیشن یا ووٹوں کی گنتی کے مراکز کے طور پر استعمال کیا جارہا ہے۔

PARLIAMENT

پارلیمانی امور کے وزیر کرن رججو نے آج اطلاع دی کہ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے حکومت کی اس تجویز کو منظوری دے دی ہے، جس کے تحت پارلیمنٹ کا سرمائی اجلاس یکم دسمبر 2025 سے 19 دسمبر 2025 تک منعقد کیا جائے گا۔ کرن رججو نے اپنے سوشل میڈیا پیغام میں کہا کہ حکومت ایک تعمیری اور بامقصد اجلاس کی منتظر ہے، جو جمہوریت کو مزید مضبوط کرے گا اور ملک کے عوام کی امنگوں کی تکمیل میں مددگار ثابت ہوگا۔

URBAN CONCLAVE

مرکزی وزیر برائے ہاؤسنگ وشہری امور منوہر لال نے آج کہا کہ شہری ترقی ہی وِکست بھارت کی راہ ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ ہندوستان کی شہری تبدیلی عوامی مرکزیت، شمولیت اور پائیداری پر مبنی ہونی چاہیئے۔ وزیر موصوف نے یہ بات آج نئی دہلی میں شروع ہونے والے نیشنل اربن کانکلیو 2025 کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ منوہر لال نے اس موقع پر بتایا کہ گزشتہ دہائی کے دوران شہری سرمایہ کاری میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے، جو حکومت کے صاف، صحت منداور خوشحال شہروں کے ویژن کی عکاسی کرتا ہے۔

Sound Byte.

تقریب کے دوران وزیر نے کئی اہم منصوبے شروع کیے، جن میں امروت اینتھم ۔ جل ہی جیون اور نالج مینجمنٹ یونٹ شامل ہیں تاکہ ریاستوں اور شہری بلدیاتی اداروں کی صلاحیت سازی کو مزید مضبوط کیا جا سکے۔

OFFCALLED

فیڈریشن آف اسوسی ایشنس آف ہائر انسٹیٹیوشنس نے فیس ری ایمبر سمنٹ واجبات کی ادائیگی کے مطالبہ پر جاری غیر معینہ مدت کی ہڑتال ختم کرنے کا اعلان کیا ہے۔اس کے ساتھ ہی اساتذہ اور غیر تدریسی عملے کے ساتھ ایل بی اسٹیڈیم میں مجوزہ عظیم الشان اجلاس اور طلبہ کے ساتھ طویل مارچ کے منصوبے بھی منسوخ کر دئے گئے ہیں۔ یہ اعلان فیڈ ریشن کے صدر این رمیش بابو اور دیگر قائدین نے گزشتہ روز نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرامار کا، وزیر عمارات وشوارع کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی اور اعلیٰ عہدیداروں سے ملاقات کے بعد کیا۔

BIRTHDAY

وزیر اعظم نریندر مودی اور مختلف جماعتوں کے قائدین نے آج وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کو سالگرہ کی مبارکباد پیش کی۔ وزیر اعظم مودی نے سوشل میڈیا پر اپنے پیام میں وزیر اعلیٰ کے لئے طویل اور صحت مند زندگی کے لئے نیک تمناوں کا اظہار کیا۔لوک سبھا اسپیکر اوم برلا اور گورنر جشنو دیو ورما نے بھی اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔آندھرا پردیش کے وزیر اعلیٰ چندر بابو نائیڈو، ٹمل ناڈو کے وزیر اعلیٰ ایم کے اسٹالن، مغربی بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی اور ہماچل پردیش کے وزیر اعلیٰ سکھو یندر سنگھ سکھو نے بھی ریونت ریڈی کی صحت منداور طویل عمر کے لئے نیک تمناوں کا اظہار کیا۔مرکزی وزراء بنڈی سنجے کمار اور کشن ریڈی نے بھی اس موقع پر وزیر اعلیٰ کو مبارکباد دی۔ فلمی دنیا سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے بھی وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کو سالگرہ کی نیک تمناؤں کے ساتھ مبارکباد پیش کی۔

## FLIGHT DELAY

گزشتہ شب شمس آباد کے راجیو گاندھی انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر مسافروں نے شدید احتجاج کیا۔ ویتنام ایئرلائنس کی ہنوئی جانے والی پرواز میں تکنیکی خرابی کے باعث 12 گھنٹے سے زیادہ تاخیر ہونے پر مسافروں میں برہمی دیکھی گئی۔ ذرائع کے مطابق 194 مسافر پرواز کے طے شدہ وقت رات 11 بجکر 55 منٹ پر اڑان نہ بھرنے پر برہم ہوگئے اور عملے سے تاخیر کی وجوہات پر بحث کرنے لگے۔ طویل انتظار کے بعد بھی پرواز روانہ نہ ہونے پر مسافروں نے ناراضگی کا اظہار کیا۔ ایئرلائن نے آج صبح حیدرآباد سے ہنوئی جانے والی پرواز کو منسوخ کردیا جس کے باعث کئی مسافر رات بھر راجیو گاندھی انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر پھنسے رہے۔ مسافروں نے ایئرلائن انتظامیہ سے فوری متبادل انتظامات کرنے اور نقصان کی تلافی کا مطالبہ کیا۔

## ROAD

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے تلنگانہ کی تاریخ میں سب سے بڑے 60,799 کروڑ روپے کے میگا منصوبہ کی منظوری دی ہے جس کا مقصد ریاست کے روڈ انفراسٹرکچر میں جامع اصلاحات لانا ہے۔ اس تاریخی منصوبہ کا ہدف تلنگانہ کو بین الاقوامی کمپنیوں کے مرکز کے طور پر اُبھارنا، بڑے پیمانہ پر سرمایہ کاری کو راغب کرنا اور خاص طور پر دیہی علاقوں کے لاکھوں نوجوانوں کے لئے روزگار کے مواقع پیدا کرنا ہے۔ اس منصوبے کی ایک بڑی خصوصیت 10,400 کروڑ روپے کی لاگت سے حیدرآباد۔ وجئے واڑا شاہراہ کی توسیع ہے جس سے دونوں بڑے شہروں کے درمیان رابطہ میں نمایاں بہتری متوقع ہے۔ ایک اور اہم پراجکٹ ریجنل رنگ روڈ (آرآرآر) ہے، جو 36,000 کروڑ روپے کی لاگت سے تیار کیا جائے گا۔ یہ منصوبہ تلنگانہ کے ٹرانسپورٹ اور معاشی ترقی میں ایک انقلابی مرحلہ کی نشاندہی کرتا ہے۔ ریاستی حکومت نے ایچ اے ایم کے تحت مختلف سڑکوں کے منصوبوں کے لئے مزید 11,399 کروڑ روپے مختص کئے ہیں جن کے لئے جلد ہی ٹنڈر جاری کئے جائیں گے۔

KISHAN:

مرکزی وزیر کوئلہ و کانکنی کشن ریڈی نے آج وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی پر سخت تنقید کرتے ہوئے الزام لگایا کہ وہ بی جے پی، وزیر اعظم اور پارٹی پر جھوٹے الزامات لگا کر عوامی مخالفت سے توجہ ہٹانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ حیدر آباد کے نامپلی میں پارٹی ہیڈ کوارٹر میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کشن ریڈی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی جو بلی ہلز کے ضمنی انتخاب میں کانگریس کی ممکنہ شکست کے خوف سے غیر ذمہ دارانہ بیانات دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریونت ریڈی نے انتخابات سے قبل کیئے گئے وعدوں میں سے کسی ایک پر بھی عمل نہیں کیا اور نہ ہی دو ماہ میں کوئی ضمانت پوری کی۔ کشن ریڈی نے کانگریس اور بی آر ایس دونوں جماعتوں پر سخت تنقید کی، خاص طور پر وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی اور سابق وزیر اعلیٰ کے چندر شیکھر راؤ کو نشانہ بنایا۔ وزیر موصوف نے کہا کہ کانگریس اور بی آر ایس کے درمیان سمجھوتہ ہے اور فون ٹیپنگ کیس، پاور پرچیز کیس سمیت بڑے معاملات کی تحقیقات کی موجودہ صورتحال دونوں کے باہمی تعلقات کو ظاہر کرتی ہے۔

CRICKET T20

کرکٹ میں آج برسبین کے گابا میدان میں ہندوستان اور آسٹریلیا کے درمیان آخری ٹی 20 میچ بارش کے باعث منسوخ کر دیا گیا، جس سے ہندوستان کو تین میچوں کی سیریز میں 2-1 سے کامیابی حاصل ہوئی۔ میچ کے رکنے سے قبل ہندوستان نے بغیر کسی نقصان کے 52 رنز بنائے تھے، شبھمن گل 29 اور ابھیشیک شرما 23 رنز پر کھیل رہے تھے۔ ابھیشیک شرما کو سیریز کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ اس نتیجے کے ساتھ ہندوستان نے آسٹریلیا کے خلاف ٹی 20 سیریز میں اپنی 17 سالہ ناقابل شکست ریکارڈ کو برقرار رکھا۔

AWARD:

ٹیکنیکل انٹری اسکیم کے آفیسر کیڈٹس کی ایوارڈ تقسیم تقریب آج سکندرآباد میں واقع ملٹری کالج آف الیکٹرانکس اینڈ مکینیکل انجینئرنگ میں منعقد ہوئی۔اس تقریب میں جملہ 23 کیڈٹس نے شرکت کی، جن میں رائل بھوٹان آرمی کے دو کیڈٹس بھی شامل تھے۔کمانڈنٹ ایم سی ای ایم ای اور کور آف ای ایم ای کے کرنل کمانڈنٹ لیفٹیننٹ جنرل نیراج ورشنے (وی ایس ایم) نے نمایاں کارکردگی دکھانے والے کیڈٹس کو تعلیمی، کھیلوں اور تربیت میں شاندار کارکردگی پر میڈلس اور اسناد سے نوازا۔ونگ کیڈٹ ایڈ جوٹنٹ اکھیلیش دھایانی کو جی اوسی اِن سی آرٹریک گولڈ میڈل دیا گیا، جبکہ پلاٹون کیڈٹ کپتان تینزِن دورجی (بھوٹان) کو بہترین آوٹ ڈور ٹریننگ کے لئے گولڈ میڈل سے نوازا گیا۔ پرتھوی راج پلاٹون کو آٹومن ٹرم 2025 کے لئے جی اوسی اِن سی آرٹریک بینر سے نوازا گیا۔کمانڈنٹ نے اپنے خطاب میں کیڈٹس پر زور دیا کہ وہ مستقل مزاجی کے ساتھ محنت کرتے رہیں اور اپنی زندگی اور پیشہ میں دیرپا کامیابی حاصل کرنے کے لیے صبر وشکر اور نظم وضبط کو اپنائیں۔

WEATHER

محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ ریاست کے کئی علاقوں میں مطلع آبر آلود ہے۔صبح اور رات کے اوقات میں کہر کا امکان ہے۔ اعظم ترین اور اقل ترین درجہ حرارت امکان ہے کہ بالترتیب 31 اور 16 ڈگری سلسیس کے درمیان درج ہوگا۔تلنگانہ بھر میں موسم کے خشک رہنے کا امکان ہے۔

BAN ORDERS

حیدرآباد پولیس نے جوبلی ہلز اسمبلی حلقہ کی 11 نومبر کو رائے دہی سے 48 گھنٹے پہلے کسی بھی قسم کی انتخابی سرگرمی پر پابندی عائد کردی ہے۔ پولیس نے لاٹھیاں یا بغیر جھنڈے کے یا پھر جھنڈے کے ساتھ یا پھر کوئی اور ہتھیار کے جلوس، بڑے عوامی اجتماع میں استعمال پر پابندی عائد کی ہے۔

OO